© rasailojaraid.com

خدمت خلق کے چیئرمین میاں نعیم الرحمٰن طاہر طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم میاں فضل حق مرحوم کے فرزند ارجمند تھے اور باپ کی وفات کے بعد تاحیات جامعہ سلفیہ کے صدر رہے مرحوم کی علماء اور طلبہ سے بہت زیادہ محبت تھی، مرحوم نے پوری زندگی دین کی ترویج واشاعت میں گزاری۔ امیر محترم پروفیسر ساجد میر نے لاہور میں نماز جنازہ پڑھائی۔ جس میں ملک بھر سے دینی وسیاسی جماعتوں کے قائدین، دینی مدارس کے ناظمین اور اساتذہ وطلبہ کے علاوہ ہزاروں افراد نے شرکت کی۔ جہلم سے نماز جنازہ میں رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر اور شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل شریک ہوئے اور مرحوم کے بیٹوں اور لواحقین سے تعزیت کی اور دعا کی کہ اللہ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

## مولانا ابوبکر سلفی (کویت)، مولانا حافظ محمد ابوسفیان سلفی اور مولانا محمد ادریس شاہد کو صدمہ

## ممتاز عالم دین مولانا محمد بشیر الطیب کویت کا انتقال پر ملال

مورخہ 16 مارچ بروز بدھ معروف عالم دین اور نامور خطیب حضرت مولانا محمد بشیر الطیب کویت میں انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم نے ابتدائی طور پر بدوملہی کی جامع مسجد اہل حدیث محلہ معماراں سے خطابت کا آغاز کیا پھر ایمن آباد منتقل ہوگئے۔ بعد ازاں کویت جا کر وزارت اوقاف کویت کے زیر اہتمام مسجد خالد بن بکیر الجہراء میں نائب امام کے منصب پر فائز ہوئے۔ وفات کے وقت مرحوم کویت کی جامع مسجد عمر بن الخطابؓ الجہراء میں خطابت کے فرائض سرانجام دے رہے تھے۔ مرحوم نے کم وبیش 32 سال کویت میں گزارے اور وہاں مرکزی جمعیت اہل حدیث کے رہنما کے طور پر پہچانے جاتے تھے اور کویت کے شیوخ اور علمائے کرام سے آپ کے گہرے تعلقات تھے۔ اللہ مرحوم کی دینی خدمات کو ان کیلئے صدقہ جاریہ بنائے۔ آمین

## حضرت مولانا سلیم اللہ کمیر پوری کا سانحہ ارتحال

مرکزی جمعیت اہل حدیث ضلع سرگودھا کے امیر، مرکزی شوریٰ کے رکن اور بزرگ عالم دین مولانا سلیم اللہ کمیر پوری مورخہ 19 اپریل بروز منگل فالج کا اٹیک ہونے سے وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مولانا مرحوم بااخلاق، ایثار وقربانی کے پیکر اور اپنے کارکنان کے انتہائی خیر خواہ رہنما تھے۔ مرحوم نے اپنی پوری زندگی دعوت وتبلیغ میں گزاری۔ مرحوم کی پہلی نماز جنازہ جامعہ سلفیہ فیصل آباد میں شیخ الحدیث مولانا حافظ مسعود عالم نے پڑھائی جبکہ دوسری نماز جنازہ بھلوال میں نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان مولانا عبدالعزیز حنیف (اسلام آباد) نے پڑھائی۔ جس میں علماء، طلبہ اور عوام الناس نے بھرپور شرکت کی۔ جہلم سے مرحوم کی نماز جنازہ میں رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر شریک ہوئے اور مرحوم کے بیٹے حافظ سیف اللہ (جو جامعہ علوم اثریہ جہلم کے فاضل ہیں) سے تعزیت کی اور مرحوم کی بلندی درجات کیلئے دعا کی۔



© rasailojaraid.com